## برطانیہ کے شہر سلاؤ میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم

## متعدد بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے ایم کیوایم میں رکنیت سازی کے فارم پر کئے

## ایم کیوایم،الطاف حسین کی قیادت میں ملک کو درپیش بحرانوں سے نجات دلانے کی عملی جدوجہد کررہی ہے،قاسم علی رضا

## پاکستان ہماری پہچان ہے اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کرنا ہر پاکستانی کا بنیادی فرض ہے

## ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے،سلیم دانش

## برطانیہ کے شہر سلاؤ میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کی تقریب سے خطاب

سلاؤ۔۔۔4،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلہ میں برطانیہ کے شہر سلاؤ میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں لندن،ریڈنگ اور سلاؤ میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر متعدد بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے ایم کیوایم میں رکنیت سازی کے فارم پر کئے اور ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیوایم،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کو درپیش بحرانوں سے نجات دلانے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور پاکستان کی بقاءوسلامتی اور ترقی وخوشحالی کیلئے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہماری پہچان ہے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کرنا ہر پاکستانی کا بنیادی فرض ہے۔اگر بیرون ممالک میں مقیم پاکستانیوں نے اپنی ذمہ داریوں کومحسوس نہ کیا اور ملک میں جمہوریت کے استحکام کیلئے میدان عمل میں آکر جدوجہد نہیں کی تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔قاسم علی رضا نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ 63 برسوں سے پاکستان کے اقتدار پر جاگیرداروں،وڈیروں اور مراعات یافتہ مخصوص خاندانوں کی اجارہ داری قائم ہے جوغریب عوام کو درپیش مسائل سے واقف نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے غریب عوام کے مسائل کے حل میں کبھی مخلص نہیں ہوسکتے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو اپنے مسائل کے حل کیلئے خود میدان عمل میں آکر اپنی صفوں سے ایماندار،تعلیم یافتہ اور باصلاحیت قیادت متعارف کرانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ کوئی ایم کیوایم کو پسند کرے یا نہ کرے لیکن اس سچائی سے انکار نہیں کرسکتا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو منتخب کرکے ایوانوں میں بھیجا اور ملک سے موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی مثال قائم کی ہے۔تقریب سے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر اپنے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کریں۔تقریب سے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ،عبدالحلیم،سلاؤ یونٹ کے انچارج یوسف قریشی اور کمیٹی کے رکن فاروق مرتضٰی نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆